تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

January 25 2024

سی آئی ای، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور آئی ٹی۔آئی ٹی ای ایس سیکٹر اسکلز کونسل ناسکوم نے مفت ہنر اساس مختصر مدتی کورسیز شروع کرنے کے لیے اشتراک کیا ہے

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینورشپ (سی آئی ای) کو آئی ٹی۔آئی ٹی ای ایس سیکٹر اسکلز کونسل ناسکوم کے ساتھ اہم اشتراک کا اعلان کرتے ہوئے فخر محسوس ہورہا ہے۔یہ دونوں ادارے مفت ہنر اساس مختصر مدتی کورسیز شروع کررہے ہیں جس کا مقصد جدید ٹکنالوجی کی فراہمی سے طلبا اور ماہرین کو خود مختار بنانا ہے۔ان کورسیز کی کوئی فیس نہیں لی جائے گی۔اس مہم کے تحت درج ذیل کورسیز شروع کیے جارہے ہیں:

۔پروگرامنگ بیسکس آف بلاک چین انجینئرنگ

۔پروگرامنگ فار آٹومیشن انجینئرنگ

۔گوگل کلاؤڈ کمپوٹنگ فاؤنڈیشن

۔بلڈ بلاک چین بیسڈ مارکیٹ پلیس

۔گیمنگ ان بلاک چین: بلڈ یور اون میموری پزل گیم

۔بلڈ وتھ پائی تھون اینڈ پلے الانگ: یور اون جرنی ٹو انگری برڈ گیم

۔سائبر سکوریٹی کا تعارف

۔پروڈکٹ مینجمنٹ بیسکس

۔ڈاٹا اسٹرکچر اینڈ الگورتھم

۔این ایل پی این ایکشن: بلڈ این اے آئی فیک نیوز ڈیٹیکشن انجن

پروگرامنگ سے کلاؤڈ کمپوٹنگ اور گیم ڈولپمنٹ سے سائبر سیکوریٹی تک ان کورسیز کو اس طرح تیار کیا گیا ہے کہ وہ مختلف

دلچسپیوں والے لوگوں کی ضرورتوں کی تکمیل کرسکیں۔

یہ سارے کورسیز مفت سکھائے جائیں گے جس کے لیے جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ناسکوم کی مشترکہ کوششوں کا شکریہ کہنا چاہیے ۔ یہ پہل ابھرتی ہوئی ٹکنالوجی کے میدان میں قابل رسائی اور اعلی معیاری تعلیم کی فراہمی کے اختراعیت اور انٹر پرینورشپ کے فروغ کے ہمارے مشترکہ وژن سے ہم آہنگ ہے۔

سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینورشپ کے ڈائریکٹر پروفیسر ریحان خان سوری نے اس اشتراک کے سلسلے میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ''یہ پہل صلاحیتوں کو صیقل کرنے کے ہمارے عہد کو بتا تا ہے اور اختراعیت کی تہذیب کو پروان چڑھانے کا بھی ثبوت ہے۔ہمیں یقین ہے کہ ان کورسیز کی مفت فراہمی سے ٹکنالوجی کی دنیا میں تیزی سے ابھرتے ہوئے منظر نامے میں زیادہ بہتر کرنے کے لیے لوگوں کو اپنی تحدیدات کو توڑنے میں مدد ملے گی اور خودمختار ہوں گے۔

خواہش مند طلبا اور حضرات ان کورسیز کے لیے مندرجہ ذیل لنک کر خود کو رجسٹر کرا سکتے ہیں:

http://forms.gle/CWgJhsix1vXDWHR7

رجسٹریشن کی آخری تاریخ سولہ فروری دو ہزار چوبیس ہے

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی